# 131898 ـ اللہ ضروریات پوری کرے تو کیا روزہ رکھنا مشروع ہے ؟

**سوال**

ہمارے ہاں کہا جاتا ہے کہ: جب اللہ تعالی کسی بندے کی ضرورت پوری کرے تو وہ روزے رکھے اس روزے کی کیفیت کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ضروریات پوری کرنے کے لیے روزہ رکھنا بدعت ہے اس کی کوئی دلیل نہیں ملتی، بلکہ انسان کو چاہیے کہ وہ نفلی عبادات کے ذریعہ اللہ کا قرب حاصل کرے؛ اور اللہ کی اطاعت کرتے ہوئے اللہ سبحانہ و تعالی کی رضامندی حاصل کرے، اور اس میں وہ اللہ کے لیے اخلاص عمل کی ني ترکھے نا کہ دنیاوی مقاصد کی نیت.

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ جن لوگوں کی دعاء رد نہیں کی جاتی ان میں وہ روزے دار شخص بھی شامل ہے جب افطاری کرتا ہے تو اس وقت اس کی دعا قبول ہوتی ہے "

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور انکی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے" انتہی

مستقل فتوی اینڈ علمی ریسرچ کمیٹی.

الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز.

الشیخ صالح الفوزان.

الشیخ بکر ابو زید.